سبق-5


# سَمت

روہت کے پتا جی فون پر اپنے دوست کو گھر کا پتہ بتا رہے تھے۔ وہ بول رہے تھے— اسٹیشن سے نکل کر شمال کی سمت میں سڑک پر کچھ دور چلنے پر اسپتال ملے گا۔ وہاں سے مشرق میں رکشہ پڑاؤ ہے۔ وہاں سے رکشہ پکڑ کر سیدھے جنوب کی سمت میں تقریباً نصف میل دور چلنے کے بعد بائیں طرف مڑنے پر شمال کی جانب کمیونیٹی ہال ہے۔ اس کے ٹھیک جنوب میں میرا گھر ہے۔

روہت کو پتا جی کی یہ باتیں سمجھ میں نہیں آئیں۔ وہ پتا جی سے پوچھ بیٹھا— پتا جی، آپ کی باتیں میری سمجھ میں نہیں آئیں۔ کیا چاچا جی گھر پہنچ جائیں گے؟ پتا جی نے مسکراتے ہوئے کہا— ہاں، چاچا جی ضرور آجائیں گے۔

لیکن کیسے؟ روہت نے پھر پوچھا۔

روہت کے پتا جی نے روہت سے کاغذ، پنسل منگوایا اور کہا— آؤ میں تمہیں بتاتا ہوں۔ انہوں نے ایسا نقشہ بنایا۔




روہت نے خود کئی دفعہ اس تصویر کو دیکھا۔ اسے لگا کہ اس کے ذریعہ اب وہ بھی گھر سے اسٹیشن جا سکتا ہے اور

S.S.A. 2015-16 (Free)

اسٹیشن سے گھر آ سکتا ہے۔

اگلے دن یہ بات اس نے اپنے دوستوں کو بتائی۔ سب نے سوچا کہ کیا ہم اپنے گاؤں کا نقشہ بنا سکتے ہیں؟ انہوں نے استاد سے پوچھا۔ استاد نے کہا— یہ بہت آسان کام ہے۔ لیکن اس کے پہلے ہمیں کچھ باتوں کی جانکاری لینی ہوگی۔ اس کے لئے ہمیں کچھ کام کرنے پڑیں گے۔ سبھی تیار ہو گئے۔

انہوں نے سبھی بچوں کو ایک قطار میں کھڑا ہونے کو کہا۔ سبھی بچے فوراً قطار میں کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے کہا— سبھی اپنا منہ مشرق کی طرف کریں۔ سب نے ویسا ہی کیا۔

**استاد نے باری باری سے پوچھنا شروع کیا—**

- آپ کی پیٹھ کس سمت میں ہے؟
- آپ کا بایاں ہاتھ کس سمت میں ہے؟
- آپ کا دایاں ہاتھ کس سمت میں ہے؟
- کمیونٹی ہال کس سمت میں ہے؟
- درخت کس سمت میں ہے؟
- اگر آپ اپنی پیٹھ سورج کی طرف کر لیں تو آپ کے کس سمت میں کون سی چیزیں ہوں گی؟



تصویر-5.2

اب انہوں نے سبھی بچوں کو مختلف سمتوں میں کھڑا کیا اور باری باری سے ایک ایک بچوں کو بیچ میں کھڑا کر کے پوچھا—

- راکھی سمن سے کس سمت میں کھڑی ہے؟
- گیتا رادھا سے کس سمت میں کھڑی ہے؟
- وجے کے مشرق میں کون کھڑا ہے؟
- وکٹر کے مغرب میں کون کھڑا ہے؟
- شاہد کے مشرق میں کون کھڑا ہے؟
- موہن کے سب سے شمال میں کون کھڑا ہے؟
- گووند کے سب سے دکھن میں کون ہے؟
- نیتو کے مغرب میں کون کھڑا ہے؟

**کر کے دیکھئے**

**بچوں کو گول دائرے میں کھڑا کر کے مندرجہ بالا سوالوں کی طرح ہی سوال پوچھئے اور جواب حاصل کیجئے۔**




تصویر۔5.3

بچوں سے شروع میں تو جواب آنے میں دیر ہوئی لیکن وہ آہستہ آہستہ جلدی اور ٹھیک ٹھیک جواب دینے لگے۔ تب استاد نے بچوں کو سمجھایا کہ طلوع ہوتے ہوئے آفتاب کی طرف منہ کر کے کھڑا ہونے پر سامنے مشرق سمت، پیچھے مغرب سمت، بائیں ہاتھ کی جانب شمال سمت اور دائیں ہاتھ کی جانب جنوب سمت ہوتی ہے۔

انہوں نے بچوں کو نقشہ دکھایا اور بتایا کہ ٹھیک اسی طرح نقشے کے سامنے کھڑا ہونے پر اوپر کی طرف شمال اور نیچے کی طرف

جنوب، دائیں طرف مشرق اور بائیں طرف مغرب سمت ہوتی ہے۔

انہوں نے بچوں سے پوچھا— بتایئے، ہندوستان کے چاروں سمت میں کیا ہے؟




نقشہ-5.4

بچوں نے بتایا— مشرق میں خلیج بنگال، مغرب میں بحر عرب، شمال میں ہمالیہ پہاڑ اور جنوب میں بحر ہند ہے۔

انہوں نے بچوں سے کہا— جب آپ کسی جگہ کا نقشہ بنائیں گے تو اس میں چیزوں کی سمت کے حساب سے ہی اسے نقشے میں صحیح سمت میں درج کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل میں آپ کو نقشہ بنانا سکھاؤں گا اور کلاس سے باہر چلے گئے۔

## ﴿ مشق ﴾

1 بتایئے—

• آپ کے اسکول کی شمالی سمت میں کیا ہے؟
• قطب تارہ کس سمت میں نظر آتا ہے؟
• مقناطیسی کمپاس کے استعمال کے ذریعہ سمت کی جانکاری کیسے حاصل کرتے ہیں؟
• آپ کا گھر اسکول سے کس سمت میں ہے؟
• آپ کے دوستوں کا گھر اسکول سے کن کن سمتوں میں ہے؟
• آپ کے خیال سے آپ کے گاؤں رمحلے کو خوبصورت بنانے کے لئے کون کون سی تبدیلی کی ضرورت ہے؟
• ان تبدیلیوں سے وہاں کے نقشے میں کہاں کہاں تبدیلی آئے گی؟

2 عملی سرگرمی

ہندوستان کے نقشے میں سے مختلف سمتوں میں واقع مقامات کی شناخت کر کے سمتوں کے سامنے ان کا نام درج کیجئے:

شمال —
جنوب —
مشرق —
مغرب —